٥
تاڑ ڑ
تاش ش
دس س
وہ ہ
چھڑی ی
دو و
انڈا ا

(۲)

اگلے اسباق میں بامعنی جُملے پڑھانے کے
لِئے پہلے اِن لفظوں کی مشق کرای جائے۔
سیکھے ہوئے حرف جلی قلم سے لکھے گئے ہیں۔
اِن کی شناخت اچھّی طرح کرائیے۔

یہ ــــ ہے ــــ وہ ــــ ہیں

میں ــــ سے

یہ کتاب ہے

یہ مرچ ہے

یہ کارڈ ہے

یہ باپ ہے
یہ تاڑ ہے
وہ انار ہیں
وہ آم ہیں
وہ لوگ ہیں
ایک تاج ہے
ایک کوٹ ہے

ایک دوات ہے

ایک چھڑی ہے

ایک انڈا ہے

دو کان ہیں

دو کوٹ ہیں

دو تاش ہیں

دو پان ہیں

۹
کوٹ میں ہے
تاج میں ہے
کان میں ہے
ایک سے دو دو سے ایک
ایک سے دس دس سے ایک
جال سے دو دو امرود دو

(۳)

حرف جن کی آواز
بچّوں نے پہچانی ہے
۲۱ ہیں جو ہندی میں
مُستعمل ہیں

ک گ چ ج
ٹ ڈ ت د
پ ب م ی
ر ل و ش
س ہ ڑ ن
ا

(۴)

مُندرجہ بالا حرفوں کی
مشق اور اُن کے جوڑ توڑ
کے لیئے اِن ہی حرفوں
سے نئے لفظ ۔ آوازیں قُدرتی ہیں۔ اعراب اور
حروفِ علّت کا استعمال نہیں ہے

ک	کر	کب	کر	کل	کروٹ
کھ		کھپ	کھڈ	کھرل	کھٹک
چ	چ	چپٹ	چل	چلن	بچن
چھ		چھب	چھت	چھتر	کچھ
ت	ت	تب	تک	تن	مت
تھ		تھک	تھن	تھکن	رتھ

حرف					
د		دس	دم	درد	بدن
دھ		دھر	دھرم	دھن	دھنک
پ	پ	پر	پردہ	پستہ	پلٹن
پھ		پھٹ	پھل	پھن	پھڑک
م	مـ	مت	مٹر	سمر	مچل
ی	یـ	یہ	یک	بیہ	یمن
ر		رب	رس	رتن	بدر
ل	ا	لب	لٹ	لگن	لشکر
و		وہ	ورم	وچن	وگر
ش	شـ	شر	شک	شربت	شلجم

س	سـ	سب	ست	سچ	سڑک
ڑ		بڑ	جڑ	لڑ	اکڑ
ہ	ہـ	ہٹ	ہر	ہل	ہم
ن	نـ	نر	نگ	نمک	نگر
ا		اب	اکبر	اسلم	اگر

(۵)

پچھلے اسباق کی مدد سے جملوں کی مشق۔
کوئی لفظ نیا نہیں ہے۔

رب ایک ہے
گرم کوٹ دو
آم میں رس ہے

گھر گھر نہ جا
جھٹ سے دو
آم دھر دو

ڈگر پر چل

نٹ پر ہے

دو ٹھگ ہیں

اگر مگر نہ کر

اکرم اسلم دو ہیں

اکرم لندن میں ہے

آم کا شربت ہے

انار دو

ایک شک ہے

ہٹ کر چل

ہٹ نہ کر

شربت دو

بھد بھد نہ چل

چھت پر ہے

دس برتن ہیں

گھر تک چل

وہ دس ہیں

اسلم گھر پر ہے

آم ایک پھل ہے

ڈھب سے دو

وہ ٹھگ ہے

وہ کھڈ ہے

رب سے ڈر

ڈھک کر دو

دوسرا قدم

پہلا حرفِ عِلّت

ا کی آوازیں

۱- آ   مثلاً   آج

۲- ا   "   شام

(٦)

آ ا

۱- آ

بچوّں کو بتائیے کہ ا کے
اُوپر ٓ نشان ہو تو اُس
کی آواز بہت لمبی ہو جاتی ہے۔

آپ - آج - آگ - آم
آس - آن - آدم - آگرہ

۲- ا

سمجھائیے کہ جس حرف کے آگے ا نشان آئے
اُس کی آواز لمبی ہو جاتی ہے

۱- گال - گاد - گھاس - گھاٹ

۲ - جاٹ - جال - جان - جھاگ - جھاڑ

۳ - ٹاٹ - ٹال - ٹھاٹھ - ٹھان

۴ - دار - دال - ڈھال - ڈھاک

۵ - بات - باپ - باس - باگ - بھاگ

بھاپ

۶ - مات - مار - ماش - مال - مان

ماگھ

۷ - یار - یاد - یاس

۸ - رات - راج - راگ - رام - راکھ

۹ - لات - لاج - لاد - لال - لابھ

لاکھ

۱۰ - وار - واگھ

۱۱- شاد - شال - شام - شان

۱۲- سانت - ساگ - سال - سان - ساکھ
ساٹھ

۱۳- ہار - ہاٹ - ہال - ہاتھ

۱۴- ناپ - ناچ - ناس - ناک - ناک
ناتھ

۱۵- اڑا - بڑا - لڑا - گڑا - چڑا

۱۶- آپا - آٹا - آسام - آرام

۱۷- کھانا - گانا - پانا - جانا - لانا

۱۸- کھایا - گایا - پایا - لایا - آیا

۱۹- کھاتا ہے - گاتا ہے - پاتا ہے
جاتا ہے - لاتا ہے

ے

مُندرجہ بالا لفظوں کی مشق جُملوں میں۔ جُملے سیکھے ہوئے لفظوں کی مدد سے بنائے گئے ہیں۔ کوئی لفظ سیکھی ہوی ترکیب سے باہر نہیں ہے

کام کاج کر
چاک لال ہے
آم لال ہے
یہ آم داس کا ہے
رام گاتا ہے
اکبر آیا
لڑکا پان لایا

کھاد ڈال
لال چاک دو
لال آم دو
داس کا آم دو
آم کھاتا ہے
پان دو
ساٹھ پان ہیں

بات کر

مالا پہن

بات یاد رکھ

لات نہ مار

شام لال تاج لایا

واس کا کہا مان

وہ پاس ہے

آرا چلا

آپا جان آسام میں ہیں

بات مان

ساگ پات دو

آپا جان سے کہا

بات مان

ہار پہن

ہاتھ دو

دو لاکھ ہے

تاج چمک رہا ہے

پڑھ کر نام کر

شام نہ کر

جال ڈال دو

واس بنگال میں ہے

یہ کوٹ بڑا ہے

شام نہ کر

سر داب دو

تیسرا قدم

دوسرا حرفِ علّت

ی کی آوازیں

۱- ی	مثلاً	دادی
۲- یِہ	"	پِیل
۳- ے	"	دے
۴- یِہ	"	رِیل
۵ ئے	"	وئے
۶ یَہ	"	سیَہ

۸

اِ ی

۱- اِ

جِس حرف کے نیچے ِ
نِشان ہو اُس کی آواز
تیزی کے ساتھ نیچے کھِنچے گی

اِس - بِل - دِل - دِن - بِھڑ
بِکرم - تِلک - نادِر - کِسان - کِتاب

۲- ی - ی

جس حرف کے آگے **ی** ہو اُس کی آواز
نیچے کھِنچے گی

کاشی - کالی - تالی - گاڑی - تھالی

چھالی - جالی - ڈالی - گرمی - گھڑی

دادی - داسی - پانی - باری

بھاری - مالی - رانی - ساتھی

لاری - شادی - ساری - ہاکی - نانی

لڑکی

جس حرف کے نیچے ہ نشان ہوی کی طرح
اُس کی آواز بھی نیچے کھنچے گی

کھیل - گیتا - چیتا - جھیل

ٹھیک - تیر - دیپک - کھیر

بیس - ہیر - ریل - نیم

نیلا - پیلا - پھیکا - میٹھا

(۹)

مُندرجہ بالا لفظوں کی مشق جُملوں میں۔ جُملے سیکھے ہوئے لفظوں سے بنائے گئے ہیں۔کوی لفظ سیکھی ہوی ترکیب سے باہر نہیں ہے

یہ آم کِس کا ہے	یہ آم نلک کا ہے
کِسان کیا کر رہا ہے	کِسان ہل چلا رہا ہے
جھاڑی میں چھپتا ہے	لڑکی ڈری
تیر چلا	جلدی سے آ
چڑیا ڈالی پر ہے	انار کی ڈالی ہے
ریس نہ کر	من کی بات کر
آم کا رس پی	یہ آم پھیکا ہے

پیلا پیلا آم
آج پیر ہے
رات لمبی ہے
ڈالی ہلی
ساون کا مہینہ آیا
بجلی چمکی
ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا چلی
آج بڑی سردی ہے
پانی ٹھنڈا ہے
سردی بڑھی
لڑکا آگ لاتا ہے
لڑکا کھاتا ہے

میٹھا میٹھا آم
گھڑی ٹھیک کر
گاڑی میں آرام کر
باغ میں مالی ہے
کالی کالی گھٹا چھائی
بادل گرجا
پانی برسا
ہوا ٹھنڈی ہے
کھانا ٹھنڈا ہے
آگ جلا
لڑکی کھانا پکاتی ہے
لڑکی کھاتی ہے

کِسان دِن بھر کام کرتا ہے
شام تک کام کرتا ہے

(۱۰)

ے ۓ ء

ا - ے - یـ

جس حرف کے آگے
ے یا صِرف یـ ہو
اُس کی آواز پھیلی ہوئی لمبی ہوگی

کے - پیچھے - دے - نے - سے

کالے - جالے - بھالے - پروے - کپڑے

ریل - بیل - کھیل - کھیت - سیب

کیلے - ڈھیلے - بیٹے - میرے - تیرے

لڑکے - نیلے - پیلے - میٹھے - سیٹھے - پھیکے

گاۓ - کھاۓ - آۓ - جاۓ - لاۓ

۲ - ے - یٖ

جس حرف کے آگے ے یا یٖ ہو اُس کی آواز پھیلی ہوئی چوڑی ہوگی۔

سیر - پیر - تیر - پیدل - بیٹھک

ایسا - ایسے - جیسا - جیسے - پیسا - پیسے

تھیلا - تھیلی - میلا - میلی - کیسا - کیسی

پھیلا - پھیلی - کیسے - ویسے

۳ - ۶

ے سے پہلے ۶ ہو تو آواز دوہری یعنی

ہی اور ے ملی ہوئی ہو گی

آئیے ۔ جائیے ۔ کھائیے ۔ سوئیے ۔ گائیے

اُٹھئے ۔ پڑھئے ۔ لکھئے ۔ بچھائیے

۴ ۔ ع کبھی ا کی جگہ بھی کام دیتا ہے

ا ۔ ڈائن ۔ دائرہ

(۱۱)

مُندرجہ بالا لفظوں کی مشق جُملوں میں ۔

جُملے پچھلے اسباق کی مدد سے بنائے گئے ہیں ۔ کوئی لفظ

سیکھی ہوئی ترکیب سے باہر نہیں ہے

سیر کر	ریل میں بیٹھ

متھرا جا

لڑکے تیرتے ہیں

دریا کے اندر تیرتے ہیں

ہاتھ بھی چلاتے ہیں

کیلے میٹھے ہیں

پیڑے لا

تالاب کے اندر تیرتے ہیں

جھیل کے اندر تیرتے ہیں

پَیر بھی

سنترے میٹھے ہیں

یہ سب کیلے میرے ہیں

یہ سب سنترے داس کے ہیں

میلے کپڑے نہ پہن

اشنان کر

۲ آئیے جناب آئیے

کتاب پڑھئیے

بستر بچھائیے

کھانا کھائیے

کہانی کہئیے

سوئیے

اُٹھئے	سیر کیجئے
ناشتہ کیجئے	گھر جائیے

۳۔ شاہد کھیل رہا تھا۔ شاہد کے ساتھی
بھی کھیل رہے تھے۔ چھ بجے
شاہد نے کہا۔ گھر چلیئے۔ کھانا کھائیے
وہ گھر گئے۔ دادی نے کہا۔ نا بیٹا
کھانا پکا نہیں۔ جا سنترے لے آ
چھ سنترے لانا۔ دو تیرے۔ دو
ساتھی کے۔ دو میرے۔ شاہد گیا۔
سنترے لایا۔ دو ساتھی نے کھا لے
دو دادی نے کھا لے۔ دو آپ کھائے

چوتھا قدم

تیسرا حرفِ علّت

و کی آوازیں

١- وُ مثلاً سُورج

٢- و " کوٹ

٣- ۏ " دۏرہ

(۱۲)

اُ وُ

۱- اُ

جس حرف پر ُ نشان ہو
اُس کی آواز مختصر کھچی ہوی
گول ہوگی

اُس۔ ثُمر۔ گُڑ۔ اُٹھ۔ گُن۔ پُل
کُرسی۔ تُلسی۔ تُلا رام۔ بُدھ۔ سُنار

۲- وُ

جس حرف کے آگے وُ نشان ہو اُس کی آواز
کھچی ہوئی گول ہوگی

کوُٹ چوُل جھوُٹ ٹوُٹ تھوُک

دُور - دھُول - دھُوم - رُوم - نُون -

آلُو - جھاڑُو - بھالُو - سُورج - مُورکھ

---

(۱۴)

مُندرجہ بالا لفظوں کی مشق جُملوں میں۔ جُملے سیکھے ہوئے لفظوں کی مدد سے بنائے گئے ہیں کوئی لفظ سیکھی ہوئی ترکیب سے باہر نہیں ہے

گُڑ میٹھا ہے رس میں ڈال

اُسے یاد کر ہری بھجن گا

ٹُھلا رام آیا کُرسی اُٹھا

جھُوٹ نہ بول بُڑھے کے دن آ

دُور تک جا
چیل اُڑی
سات بجے
اب سویرا ہے
اسلم اُٹھا
پھُول دیکھے
سیر کی
دادی نے دُودھ گرم کیا
دُودھ اسلم نے پیا
ایک بجے واپس آئے
آرام کیا

چُول ڈھیلی ہے
اُلّو سے گئی
سُورج نکلا
اکبر اُٹھا
اکبر اسلم باغ گئے
پھَل کھائے
گھر آئے
دُودھ اکبر نے پیا
وُہ مدرسے گئے
کھانا کھایا
سو گئے

۱۴

وٗ و

۱- و

جس حرف کے آگے
و ہو اس کی آواز
گول ہوگی

کوٹ - گول - چور - چھوڑ - جوڑ
جوش - لوگ - ڈول - ڈور - ڈھول
تول - بول - مور - ٹول - موم
گھوڑا - لوٹا - ٹوپی - روٹی - سونا

- وٗ

جس حرف کے آگے وٗ نشان ہو - اس کی

آواز پھیلی ہوئی گول ہو گی

دورہ - پھوڑا - ٹوٹنا - مولا - دولت
شوکت - دوڑا - اور - لوٹ - کون

---

(١٥)

مندرجہ بالا لفظوں کی مشق جملوں میں - جنہیں سیکھے ہوئے لفظوں سے بنائے گئے ہیں کوئی لفظ سیکھی ہوئی ترکیب سے باہر نہیں ہے۔

١- بات سن
مولا کو یاد کر
کون آیا
مور ناچ رہا ہے

کوٹ پہن
ہری بھجن گا
شوکت آیا
شور نہ کر

گھوڑا بھاگا	کوڑا لا
دریا کی موج ہے	من کی موج ہے
لوٹے میں کیا ہے	لوٹے میں پانی ہے
بورے میں کیا ہے	بورے میں آٹا ہے
یہ گوٹ ہری ہے	ہری گوٹ دو

۲۔ بڑی گرمی پڑی۔ دھوپ سے دھرتی تپ رہی ہے۔ لو سے ہرن کالے ہو رہے ہیں۔ شکاری کو شکار کی سدھ نہ رہی۔ ڈھور کے بدن میں لہو نہیں۔ گئو کے تھن میں دودھ نہ رہا۔ دیکھتے دیکھتے موسم بدلا موسم بدلا۔ گھٹا چھائی۔ کالے کالے

بادل آئے۔ پانی برسا۔ جدھر دیکھو
جل تھل ہے۔ کوئل کوک رہی ہے
مور ناچ رہے ہیں۔ پپیہا پیہو پیہو
کر رہا ہے۔ جھولے پڑے ہیں۔
سب لڑکے دوڑ دوڑ کر آ رہے ہیں۔
رام داس بھی دوڑا۔ اسلم کو بُلایا۔
اسلم اپنے چھوٹے بھائی کو ساتھ
لایا۔ وہ دیکھو ایک لڑکی نے اُسے
گود میں اُٹھا لیا۔ کچھ جھول رہے
ہیں۔ کچھ کھا رہے ہیں۔ کچھ گا رہے
ہیں۔ کچھ دوڑ رہے ہیں۔ بڑی
بہار ہے۔ بہار ہ

پانچواں قدم

باقی مسئلے

۱- تشدید مثلاً دِلّی

۲- نون غنّہ " بھینس

۳- عربی فارسی کے باقی ۱۴ حروف

۱۶

تشدید

جس حرف پر ّ نشان ہو
وہ دو دفعہ پڑھا جائے گا۔

اڈّا - ردّی - اچّھا - بھدّی - سچّا

بلّی - چکّی - لٹّو - دلّی - کتّا - الّو

بچّہ - گنّا - چھتّر - بچھّو

اسلم بہت اچّھا بچّہ ہے

رام داس بھی بہت اچّھا بچّہ ہے

وہ بچّے ہیں

وہ اچّھے بچّے ہیں

اسلم دِلّی میں پڑھتا ہے

رام داس بھی دِلّی میں پڑھتا ہے

یہ بِلّی کس کی ہے؟

یہ بِلّی اسلم کی ہے

یہ کُتّا کس کا ہے

یہ کُتّا رام داس کا ہے

بِلّی نے کُتّے کو دیکھا

ڈر کر بھاگی

اسلم نے بہت سمجھایا

پر پاس نہ آئی

کُتّے نے رام داس کو دیکھا

وہ دوڑا دوڑا آیا

رام داس نے کُتّے کو روٹی دی
وہ سب چٹ کر گیا

(۱۷)

نُون غُنّہ

جس حرف کے آخر میں ں
یا ٘ نشان ہو تو اُسے کسی
قدر ناک کی مدد سے پڑھنا چاہیئے

ہاں - ماں - کہاں - وہاں - یہاں
میں - ہیں - نہیں - ہیں
چاند - کھانڈ - سانپ - اونٹ - مونگ
ہنس - بھینس - انگوٹھی - لنگڑا - اندھا

گیند - ہونٹ -

انگور ہندوستان میں آئے

کل گلے ملیں گے

چاند نکلا	چاند دیکھو
ہونٹ نہ چبا	ہنس کر بول
گلّی ڈنڈا کھیل	گیند بلّا کھیل
بلّی بولی	میاؤں میاؤں
کُتّا بولا	بھوں بھوں
کوّا بولا	کائیں کائیں
چڑیا بولی	چوں چوں
لڑکا بولا	آوں آوں

(۱۸)

عربی اور فارسی کے باقی ۱۴ حرف

ث - ح - خ - ذ - ز - ژ

ص - ض - ط - ظ - ع - غ

ف - ق

۱- ث: ثابت - اثر - اکثر - کثرت

۲- ح: حج - حال - حقّہ - حاکم